تبصرۂ کتب

عبدالرشید عراقی

۱۔ اسلام میں پردے کے احکام

تالیف: الشیخ عبدالعزیز بن باز حفظہ اللہ تعالیٰ مفتیٔ اعظم سعودی عرب ترجمہ: مولانا سیف الرحمان الفلاح

اس رسالہ میں قرآن و حدیث کی روشنی میں پردے کے احکام بیان کئے گئے ہیں۔ اور بتایا ہے کہ جو عورتیں پردہ نہیں کرتیں وہ احکام اسلامیہ کو تسلیم نہ کرتے ہوئے قیامت کے روز سزا کی مستوجب ہوں گی۔

۲۔ آئینۂ توحید

تالیف: فضیلۃ الشیخ محمد بن اسمٰعیل صنعانی ترجمہ: مولانا سیف الرحمان الفلاح

اس رسالہ میں مسئلہ توحید کی وضاحت کی گئی ہے۔ اور اس کے ساتھ شرک کی تردید، اولیاء کی قبروں کی تعظیم اور قبر کے پاس نذر و نیاز دینا، اہلِ قبور سے عقیدت و استعانت وغیرہ کی تردید کی گئی ہے۔

۳۔ سفرنامہ حج (منظوم)

تالیف: مولانا سیف الرحمان الفلاح

اس رسالہ میں مولانا سیف الرحمان الفلاح نے اپنا سفرنامہ حج منظوم (پنجابی) تحریر کیا ہے۔

۴۔ گلدستۂ حدیث

تالیف: مولانا سیف الرحمان الفلاح

اس رسالہ میں ۱۰۲ احادیثِ نبوی ﷺ کا اردو ترجمہ پیش کیا ہے۔ اور یہ احادیث مختلف موضوعات سے تعلق رکھتی ہیں۔

۵۔ دین میں بدعات

تالیف: فضیلۃ الشیخ ابوبکر الجزائری ترجمہ: مولانا سیف الرحمان الفلاح

اس رسالہ میں بدعت کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کی گئی ہیں۔ لوگوں نے نماز، نماز جنازہ، تجارت، لباس، معاملات وغیرہ میں جو بدعات شامل کرلی ہیں۔ ان کی نشاندہی بھی کی ہے۔

۶۔ فکرِ آخرت (منظوم)

تالیف: مولانا سیف الرحمان الفلاح

یہ رسالہ منظوم (پنجابی) زبان میں ہے۔ فکرِ آخرت کی تلقین کی گئی ہے۔

یہ تمام رسائل مرکز الدعوۃ الاسلامیہ اہلحدیث، صدر پورہ روڈ، اوکاڑہ سے مفت حاصل کئے جاسکتے ہیں۔